سوال

(436) نماز کے بعد ایک دوسرے سے مصافحہ کرنا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں ایک نیا طریقہ ایجاد ہورہا ہے۔ کہ ہر نماز میں جماعت کے بعد ہر نمازی ایک دوسرے سے مصافحہ کرنے کے بعد مسجد سے باہر نکلے آیا یہ طریقہ عہد رسالت میں جاری تھا۔ یا زمانہ خلافت راشدہ میں جاری کیا گیا تھا۔؟ آیا اس کی کوئی اہمیت بھی ہے۔ یا محض من گھڑت بدعت ہے۔ (شفیق الحسن از شہر بریلی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہ زمانہ رسالت میں نہ عہد خلافت میں اس کا ثبوت ہے۔ نہ فقہ یا حدیث کی کسی کتاب میں یہ حکم ملتا ہے۔ اس لئے بدعت ہے ہاں چلتے ہوئے واپسی کا سلام کہے چلا جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 609

محدث فتویٰ